# معلوماتی کتابچہ

جلسہ سالانہ

## 23 واں جلسہ سالانہ جماعت احمدیہ بلجیئم

11,12,13 ستمبر 2015ء

---

Bellekouterhal Affligem
Bellestraat 99
1790 Affligem

# عمومی معلومات

انشاءاللہ جماعت احمدیہ بیلجیئم کا 23واں سالانہ جلسہ

مؤرخہ 11تا13 ستمبر 2015

بروز

جمعہ، ہفتہ، اتوار

بمقام

BellekouterHall

Bellekouterstraat 99

1790 Affligem

میں منعقد ہوگا

دورمیزبانی:۔ پانچ تا پندرہ ستمبر 2015

رجسٹریشن کا آغاز انشاءاللہ 11 ستمبر بروز جمعہ کی صبح ہوگا

دفتر جلسہ سالانہ مسجد بیت السلام برسلز

فون نمبر:۔ 0032 (0) 2 466 68 56

فیکس نمبر:۔ 0032 (0) 2 466 43 89

www.islamahmadiyya.be

# جلسہ سالانہ بیلجیئم میں شرکت کرنے والے احباب کے لئے معلوماتی کتابچہ

➢ فہرست


1. پیش لفظ
2. مقاصد جلسہ
3. جلسہ سالانہ میں شامل ہونے والے احباب کو حضور انور کی نصائح
4. مقام جلسہ
5. ٹرانسپورٹ
6. رجسٹریشن
7. پارکنگ
8. متفرق شعبہ جات


**جلسہ سالانہ بیلجیئم**

BellekouterHall

Bellekouterstraat 99

**1790 Affligem**

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

معزز مہمانان واحباب جماعت

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

انشاءاللہ تعالیٰ جماعت احمدیہ بیلجیئم کا 23 واں سالانہ جلسہ مؤرخہ 11تا13 ستمبر Affligem2015 میں ہو گا۔ ہم احمدی دنیا کے خوش قسمت افراد ہیں جو کہ سارا سال خدا تعالیٰ اور اسکے رسول کے بابرکت تذکروں کی مجالس اپنے شہروں، محلوں اور علاقوں میں لگاتے رہتے ہیں۔ اسی طرح اپنے پیدا کرنے والے خالق ومالک کی حمد اور اپنے آقا و مولیٰ سیدنا حضرت محمد ﷺ پر درود و سلام بھیجنے کے لئے سال میں ایک بار ملکی سطح پر جمع ہوتے ہیں اس خاص موقع کو جماعت میں جلسہ سالانہ کے نام سے جانا جاتا ہے۔

سیدنا حضرت مسیح موعودؑ نے خدا تعالیٰ کے خاص اذن وہدایت پر اس بابرکت جلسہ سالانہ کی بنیاد رکھی۔ 75 عاشقان رسول ﷺ اس کے غلام صادق کے بلانے پر 27 دسمبر 1891 کو ہندوستان کی ایک گمنام بستی قادیان دارالامان میں جمع ہوئے۔ جو کہ الٰہی اذن کے مطابق اسی جلسہ سالانہ کی برکتوں سے "اک مرجع خواص" کے عظیم الشان الہام کو پورا کرنے والی بنیں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ کے جلسہ سالانہ کے حوالہ سے چند زریں ارشادات تحریر ہیں۔

- اس جلسہ کو ایک غیر معمولی اہمیت حاصل ہے اس لئے اس سے وابستہ روایات کو زندہ کرنا چاہیئے اور حسین پہلوؤں کا اضافہ ہونا چاہیئے۔ اس جلسہ کو زیادہ پہلوؤں سے اور شدت کے روایتی بہترین جماعتی مرکزی جلسوں کا نمائندہ بنانے کی کوشش کریں۔
- جلسہ کے ایام میں نمازوں کی خاص نگرانی کی جائے اور جب نمازیں کھڑی ہو جاتی ہیں تو کوئی نماز سے باہر نہ ہو سوائے ان کے جو ڈیوٹیوں پر ہیں اور خاص طور پر فجر کی نماز کا اہتمام کیا جائے۔
- کارکنان کو دعا کی طرف توجہ دلانی چاہیئے اور ہر منتظم اپنے شعبہ میں دیگر امور کے علاوہ دعا کی طرف توجہ دلائے کیونکہ اس سے کاموں میں عظیم الشان برکت پڑتی ہے۔ (خطبہ جمعہ ۷ اجولائی ۱۹۸۷ء)
- جلسہ کا نظام عالمی بھائی چارے کو تقویت دینے اور اخلاقی لحاظ سے ایک عالمی معیار پیدا کرنے اور قائم رکھنے کے لئے بہت ضروری ہے۔ (خطبہ جمعہ فرمودہ ۸ جولائی ۱۹۹۴ء)

- یہ جلسہ ہمارے لئے ایک عمومی علامی تربیت کے پیغام بھی لایا ہے، مواقع بھی لایا ہے۔ دعائیں کرتے رہیں اللہ تعالیٰ ہمیں سب تقاضے پورے کرنے کی توفیق بخشے۔ سب مہمان ہم سے خوش جائیں ہم مہمانوں سے خوش رہیں
- جلسہ آیا تو ہے مگر ختم ہو جائے گا۔ اللہ خیر و عافیت سے ختم کرے، فضلوں کی بے شمار رحمتیں نازل فرمائے اور ان جلسوں میں ہمیشہ ہمیں پہلے سے بڑھ کر خدا کے فضلوں کی زیارت کی توفیق ملے اور اس کے احسانات کا شکر ادا کرنے کی توفیق ملے۔ (آمین) (خطبہ جمعہ فرمودہ ۱۹ جولائی ۱۹۹۶ء)

جماعت احمدیہ بیلجیئم کے 23 ویں جلسہ سالانہ کے لئے مشن ہاؤس برسلز سے کچھ فاصلہ پر ایک شہر Affligem میں کشادہ وسیع وعریض ہال کرائے پر لینے کی توفیق ملی۔ الحمد للہ علیٰ ذالک

ہم سب کے لئے Affligem شہر اور خاص طور پر اس جگہ جلسہ منعقد کرنا ایک نیا تجربہ ہے جس کے لئے احباب جماعت سے درخواست ہے کہ نہ صرف عملی رنگ میں انتظامیہ سے تعاون کریں بلکہ روحانی رنگ میں دعاؤں کے ذریعہ سے جلسہ کمیٹی کی معاونت فرمائیں۔ اس علاقہ میں ہماری باقاعدہ جماعت نہیں ہے اور غیر ملکیوں کی بھی تعداد بہت کم ہے۔ کونسل نے ہماری جماعت کا سابقہ ریکارڈ دیکھتے ہوئے ہم پر اعتماد کیا ہے اور ہمیں اپنا جلسہ منعقد کرنے کی اجازت دی۔ اب ہمارے لئے یہ بہت ضروری ہے کہ ہم اس علاقے کے لوگوں اور کونسل کے اعتماد پر پورا اتریں اللہ کرے کہ ہم خدا تعالیٰ کے فضل اور حضور انور ایداللہ تعالیٰ کی دعاؤں سے اس جلسہ کو کامیابی سے اور منظم طریقے سے منعقد کر سکیں۔ (آمین)

اس کتابچہ میں حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی جلسہ سالانہ میں شامل ہونے والے مہمانوں کو کی جانے والی زریں نصائح بھی شامل کی گئیں ہیں آپ احباب سے گذارش ہے کہ نہ صرف ان کو غور سے پڑھیں بلکہ خلوص نیت کے ساتھ ان پر عمل پیرا ہونے کی کوشش بھی کریں۔

جلسہ سالانہ میں شامل ہونے والے حضرت مسیح موعودؑ کے مہمانوں کی سہولت اور آسانی کے لئے جلسہ سالانہ کے مختلف شعبہ جات کے حوالہ سے کچھ بنیادی معلومات احباب جماعت کی خدمت میں اس کتابچہ میں پیش ہیں۔

خاکسار

میاں اعجاز احمد

افسر جلسہ سالانہ 2015 بیلجیئم

# جلسہ سالانہ کی اہمیت اور اسکے اغراض و مقاصد

# حضرت مسیح موعودؑ کے ارشادات کی روشنی میں

اہمیت:۔

" اس جلسہ کو معمولی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں۔ یہ وہ امر ہے جس کی خالص تائید حق اور اعلائے کلمہ طیبہ پر بنیاد ہے۔اس سلسلہ کی بنیادی اینٹ خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے اور اسکے لئے قومیں تیار ہیں جو عنقریب اس میں آملیں گی کیونکہ یہ اُس قادر کا فعل ہے جس کے لئے کوئی بات انہونی نہیں" (مجموعہ اشتہارات)

اغراض و مقاصد:۔

1. اس جلسہ میں ایسے حقائق و معارف سُنانے کا شغل رہے گا جو ایمان اور یقین اور معرفت کو ترقی دینے کے لئے ضروری ہیں(آسمانی فیصلہ صفحہ 235 )
2. اس جلسہ کے اغراض میں بڑی غرض تو یہ ہے کہ تا ہر ایک مخلص کو بلمواجہ دینی فائدہ اُٹھانے کا موقع ملے،ان کی معلومات وسیع ہوں۔(مجموعہ اشتہارات جلد اول صفحہ 340 )
3. ہر یک نئے سال میں جس قدر نئے بھائی اس جماعت میں داخل ہوں وہ تاریخ مقررہ پر حاضر ہو کر اپنے پہلے بھائیوں کا منہ دیکھ لیں گے اور روشناسی ہو کر آپس میں تودّد و تعارف ترقی پذیر ہوتا رہے گا۔
4. جو بھائی اس عرصہ میں اس دار فانی سے انتقال کر جائے گا اس جلسہ میں اُس کے لئے دعائے مغفرت کی جائے گی۔(آسمانی فیصلہ صفحہ 353)

ایک دعا:۔

ہر یک صاحب جو للّٰہی اس جلسہ کے لئے سفر اختیار کریں۔خدا تعالیٰ اُن کے ساتھ ہو اور اُنکو اجر عظیم بخشے اور ان پر رحم کرے اور ان کی مشکلات اور ان کے اضطراب کی حالت اُن پر آسان کر دیوے اور اُن کے ہم و غم دور فرمادے اور اُن کو ہر یک تکلیف سے مخلصی عنایت کرے اور ان کے مرادات کی راہیں اُن پر کھول دیوے اور روز آخرت میں اپنے اُن بندوں کے ساتھ اُٹھاوے جن پر اُس کا فضل و رحم ہے اور تا اختتام سفر اُن کے بعد اُن کا خلیفہ ہو۔اے خدا اے ذوالمجد والعطا اور رحیم و مشکل کشا، یہ تمام دعائیں قبول کر اور ہمیں ہمارے مخالفوں پر روشن نشانوں کے ساتھ غلبہ عطا فرما کہ ہر قوت و طاقت تجھ ہی کو ہے۔آمین ثم آمین

والسلام علیٰ من اتبع الہدیٰ الراقم خاکسار غلام احمد از قادیان ضلع گورداسپور۔ عفی اللہ عنہ

(مجموعہ اشتہارات جلد 1 صفحہ 342)

# جلسہ سالانہ میں شامل ہونے والے احباب کو حضور انور کی زریں نصائح

## (حضور انور کے ارشادات کی روشنی میں)

### جلسہ کی غرض وغایت :۔

یہ جماعتی جلسہ ہے کوئی میلہ نہیں اور نہ اس میں میلہ سمجھ کر شرکت ہونی چاہئے اور نہ صرف میل ملاقات اور خرید وفروخت یا فیشن کا اظہار ہونا چاہئے۔

ایک دوسرے سے ملو تو مسکراتے ہوئے ملو۔ اگر کوئی رنجشیں تھیں تو اپنی مسکراہٹ سے انہیں ختم کر دو۔ دوسری بات یہ کہ نیکیوں کو پھیلاؤ، نیکیوں کی تلقین کرو اور بری باتوں سے روکو۔ تو یہ جلسہ کی غرض وغایت بھی ہے۔ اس لئے جو جلسہ پر آئے ہیں وہ ادھر اُدھر پھرنے کی بجائے جلسہ کے پروگراموں سے بھرپور فائدہ اُٹھائیں اس میں بھرپور حصہ لیں۔

اس بات کا خاص اہتمام ہونا چاہئے کہ خواتین بھی، بچے بھی خاموشی سے بیٹھ کر جلسہ سُنیں اور اس سے بھرپور فائدہ اُٹھانے کی کوشش کریں۔

### جلسہ کی برکات :۔

احمدیوں کو چاہئے کہ ذوق شوق کے ساتھ اس جلسہ میں شریک ہوں۔ یہ جلسہ سالانہ ہے بغیر کسی عذر کے کوئی غیر حاضر نہ رہے۔ بعض لوگ تین دن کی بجائے صرف دو دن یا ایک دن کے لئے آجاتے ہیں اور ان کے آنے کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ جلسہ کی برکات کے حصول کے بجائے میل ملاقات ہو۔ حالانکہ جلسہ کی برکات کو اگر مدنظر رکھا جائے تو تین دن حاضر رہنا ضروری ہے۔ جس حد تک ممکن ہو جلسہ کی تقاریر اور باقی پروگرام پوری توجہ اور خاموشی سے سنیں اور وقت کی قدر کرتے ہوئے کسی بھی صورت اسے ضائع نہ کریں۔

**میز بانوں کو نصائح:۔**

ایک ہدایت ان لوگوں کے لئے ہے جو بعض دفعہ، عموماً تو یہ نہیں ہوتا لیکن بعض دفعہ مقامی لوگ مہمانوں کو لفٹ دیتے ہیں اور پیسوں کا مطالبہ کرتے ہیں۔ مہمان نوازی کے پیش نظر اس سے اجتناب کرنا چاہئے۔

مہمان بھی اگر کہیں کوتاہی دیکھیں تو نرمی سے توجہ دلادیں۔ کسی قسم کا غصہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے اتنے وسیع انتظامات ہوتے ہیں۔ تھوڑی بہت کمیاں رہ جاتی ہیں وہ برداشت کرنی چاہئے اور صرف نظر کرنا چاہئے۔اور غصہ کو دبانے کا بھی ایک ثواب ہے۔

**کارکنان کو ہدایات:۔**

اپنے ساتھی کارکنوں سے بھی عزت اور احترام سے پیش آئیں۔آپس میں محبت سے سارے کام اور ڈیوٹیاں سرانجام دیں۔

جو میز بان ہیں ان کا یہ فرض ہے کہ مہمان کی مہمان نوازی اسی طرح خوش خلقی سے کرتے رہیں جب تک انتظام کے تحت اس مہمان نوازی کا انتظام ہے۔ یہ نہیں کہ ادھر جلسہ ختم ہوا اور ادھر ڈیوٹی والے کارکن غائب۔ پتہ نہیں کہ کہاں گئے اور انتظامیہ پریشان ہو رہی ہو، تو جو بھی ڈیوٹی دیں پوری محنت اور دیانتداری سے دیں۔

اسی طرح کارکنان بھی اگر مہمان کا غصہ دیکھیں تو انتہائی نرمی سے معذرت کر کے تکلیف دور کرنے کی کوشش کریں لیکن یاد رکھیں کہ مہمان سے سختی سے بات نہیں کرنی۔

**مسجد کے آداب:۔** مسجد میں اور مسجد کے ماحول میں اس کے آداب اور تقدس کا خیال رکھیں۔ جلسہ سالانہ کے دنوں میں جو مارکی جلسہ کے لئے لگائی جاتی ہے اسی میں نمازیں ہوں گی اس لئے اس وقت کے لئے اس کو مسجد کا ہی درجہ دینا ہو گا اور مکمل طور پر اس کا خیال رکھنا ہو گا۔

آداب نماز:۔

جلسہ کے ایام بالخصوص ذکر الٰہی کرتے اور درود پڑھتے ہوئے گزاریں اور باجماعت نمازوں کی پابندی کریں۔اب اتنی دور سے مہمان تشریف لائے ہیں تو اگر نمازیں بھی نہ پڑھیں اور ان کی پابندی نہ کی تو پھر فائدہ کوئی نہیں ہوگا۔اسی طرح انتظامیہ کے لئے لنگر خانہ میں یا ایسی ڈیوٹیاں جہاں سے ہلنا ان کے لئے مشکل ہے وہاں نمازوں کی ادائیگی کا انتظام ہونا چاہئے۔ان کے افسران کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کا خیال رکھیں۔

نماز کے دوران بعض اوقات بچے رونے لگ جاتے ہیں جس سے بعض لوگوں کی نماز میں بہر حال توجہ بٹتی ہے، خراب ہوتی ہے۔جو نماز کا تعلق تھا وہ جاتا رہتا ہے تو اس صورت میں والدین کو چاہئے اگر والد کے پاس بچہ ہے یا والدہ کے پاس ہے تو وہ اس کو باہر لے جائیں۔اور پہلی صفوں میں بیٹھنے کی کوشش نہ کریں بلکہ پیچھے بیٹھیں تاکہ اگر ضرورت پڑے تو نکلنا بھی آسان ہو

موبائل فون:۔

نمازوں کے دوران اپنے موبائل فون بھی بند رکھیں۔بعض افراد کو عادت ہوتی ہے کہ فون لے کر نمازوں پر آجاتے ہیں اور پھر جب گھنٹیاں بجنا شروع ہوتی ہیں تو نماز سے بلکل توجہ ہٹ جاتی ہے۔

آداب گفتگو:۔

فضول گفتگو سے اجتناب کریں۔باہمی گفتگو میں دھیماپن اور وقار قائم رکھیں، تلخ گفتگو سے اجتناب کریں۔بعض لوگ بلند آواز سے عادتاً تُو تُو مَیں مَیں کر کے باتیں کر رہے ہوتے ہیں یا ٹولیوں کی صورت میں بیٹھ کر قہقہے لگا رہے ہوتے ہیں۔ان تین دنوں میں ان تمام چیزوں سے جس حد تک پرہیز کر سکتے ہیں کریں بلکہ مکمل طور پر پرہیز کرنے کی کوشش کریں، ویسے بھی یہ کوئی ایسی اچھی عادت نہیں۔

## نظم وضبط:۔

تنگ سڑکوں پر چلنے میں احتیاط اور شور و غل سے پرہیز کریں۔ باہر سے آنے والوں کے لئے خاص طور پر یہ بات یاد رکھنے کی ضرورت ہے کہ اس ماحول میں یہ سمجھیں کہ آبادی نہیں ہے۔ تھوڑی بہت آبادی تو ہوتی ہے تو بلاوجہ شور و غل نہیں ہونا چاہئے۔

نظم وضبط کا خیال رکھیں اور منتظمین جلسہ سے بھرپور تعاون کریں اور ان کی ہر طرح سے اطاعت کریں

## صفائی:۔

جلسہ کے دنوں میں راستوں کی صفائی کے علاوہ گراؤنڈ میں بھی اور جلسہ گاہمیں بھی صفائی کا خیال رکھیں نیز ہر کسی کی ڈیوٹی ہے جو بھی گند دیکھے اس کو اُٹھا کر جہاں بھی کوڑا پھینکنے کے لئے ڈسٹ بن یا ڈبے وغیرہ رکھے گئے ہیں ان میں پھینکیں۔ مہمان بھی میزبان بھی دونوں اس چیز کا خیال رکھیں۔ صفائی کے آداب ہیں ٹائلٹ میں صفائی کو ملحوظ خاطر رکھیں۔ یاد رکھیں کی صفائی نصف ایمان ہے۔ اس ماحول میں ظاہری صفائی کا بہت خیال رکھا جاتا ہے۔ بلاوجہ انتظامیہ کو بھی اعتراض کا موقع نہ دیں اور اپنی یادداشت میں محفوظ کرلیں کہ صفائی کو ہر صورت میں آپ نے قائم رکھنا ہے۔

## خواتین کو نصائح:۔

خواتین کے لئے ہدایت ہے کہ خواتین گھومنے پھرنے میں احتیاط اور پردہ کی رعایت رکھیں۔ تاہم جو خواتین احمدی مسلمان نہیں اور پردے کی ایسی پابندی نہیں کرتیں ان سے صرف پردہ کی درخواست کرنی ہی کافی ہے۔ ہرگز کوئی زبردستی کرنے کی ضرورت نہیں اور نہ ہی ہونی چاہئے۔ اگر کسی وجہ سے کسی احمدی کو بھی نقاب کی دقت ہو تو پھر ایسی خواتین کو میک اپ کرنا بہرحال مناسب نہیں۔ سر ڈھانپنے کی عادت کو اچھی طرح سے رواج دیں ایک ایسا ماحول پیدا ہو، خواتین کی طرف سے نظر آنا چاہئے کہ روحانی ماحول میں ہم یہ دن بسر کر رہے ہیں۔ پردہ نہ کرنے کے بہانے نہیں تلاش کرنے چاہئیں۔

اگر کوئی مجبوری ہے تو بہر حال جس حد تک حجاب ہے اس کو قائم رکھنا چاہئے اور یہ حکم بھی ہے۔

بعض دفعہ خواتین میں یہ دیکھا گیا ہے کہ عورتیں اکھٹی ہوئیں، باتیں کیں اور بس ختم اور یہ پتہ ہی نہیں ہوتا کہ کیا تقریریں ہوئیں اور کیا کہا گیا، کس قسم کے تربیتی پروگرام تھے۔

## کھانے کے آداب:۔

ان دنوں میں بعض دفعہ کھانے کا بہت ضیاع ہوتا ہے۔ کھانے کے آداب میں تو یہ ہے کہ جتنا پلیٹ میں ڈالیں اس کو مکمل ختم کریں۔ کوئی ضیاع نہیں ہونا چاہئے۔ بلاوجہ حرص میں آکر زیادہ ڈال لیا یا دیکھا دیکھی ڈال لیا۔ اپنے بچوں کو بھی اس کی تلقین کریں کہ اس قسم کی کوئی حرکت نہیں ہونی چاہئے جس کا دوسروں پر برا اثر پڑ رہا ہو اور یہ بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ کھانا جو ضائع ہو رہا ہوتا ہے اکثر کارکنان کا یہ قصور نہیں ہوتا بلکہ لینے والے کا قصور ہوتا ہے۔

اُتنا ہی لیں جتنا آپ ختم کر سکیں، لیکن کارکنان کے لئے بہر حال یہ ہدایت ہے کہ اگر کوئی مطالبہ کرتا ہے کہ مزید دو اور، اور زیادہ لے لیتا ہے تو اسے نرمی سے سمجھائیں۔ سختی سے کسی مہمان کو بھی انکار نہیں کرنا اور نہ یہ کسی کارکن کا حق ہے۔ پیار سے کہہ سکتے ہیں کہ ختم ہو جائے تو اور لے لیں۔

کھانا جہاں آپ کھا رہے ہوں ان جگہوں پر بعض لوگ کھانا کھا کر خالی برتنوں کو وہیں رکھ جاتے ہیں اور ڈسٹ بن میں نہیں ڈالتے اور یہ معمولی سی بات ہے ایک تو کارکنان کا کام بڑھ جاتا ہے اس عرصہ میں وہ کوئی اور کام کر سکتے ہیں دوسرے گندگی پھیلتی ہے۔

بازار سے متعلق ہدایات:۔ ایک ضروری ہدایت یہ ہے کہ بازار جلسہ کے دوران بند رہیں گے مہمان بھی اس بات کا خیال رکھیں کہ بلاوجہ جن لوگوں نے دکانیں بنائی ہوئی ہیں یا سٹال لگائے ہیں ان کو مجبور نہ کریں کہ اس دوران دکانیں کھولیں یا آپ وہاں بیٹھے رہیں۔

ٹریفک:۔

گاڑیاں پارک کرتے وقت خیال رکھیں کہ وہ لوگوں کے گھروں کے سامنے یا ممنوعہ جگہوں پر پارک نہ ہوں۔

ٹریفک کے قواعد کو ملحوظ رکھیں اور جلسہ گاہ میں شعبہ پارکنگ کے منتظمین سے مکمل تعاون کریں۔

اگر تھکے ہوئے ہیں یا بے آرامی ہے کسی بھی صورت میں آرام کئے بغیر سفر شروع نہ کریں۔

حفاظت:۔

حفاظتی نقطہ نگاہ سے نگرانی کرنا ایک بہت اہم چیز ہے۔اپنے ماحول پر گہری نظر رکھنا ہر ایک کا فرض ہے کہ اگر اجنبی آدمی ہو تو متعلقہ شعبہ کو اس کی اطلاع کر دیں۔ خود کسی سے بھی چھیڑ چھاڑ نہیں کرنی چاہئے۔

اس کا سب سے بہترین طریقہ یہی ہے کہ ہر آدمی زیادہ دور تک نظر تو نہیں رکھ سکتا۔ مگر اپنے دائیں بائیں اپنے ساتھیوں پر بہر حال نظر رکھیں جن کو آپ جانتے نہ ہوں تو یہی بہت بڑی سیکیورٹی ہے جماعت احمدیہ کی۔

جلسہ گاہ کی حدود میں داخلہ سے قبل متعلقہ حفاظتی عملہ کے سامنے خود ہی چیکنگ کے لئے پیش ہو جایا کریں۔

ہر وقت شناختی کارڈ لگا کر رکھیں اور اگر کوئی اس کے بغیر نظر آئے تو اس کو بھی نرمی سے توجہ دلا دیں۔

قیمتی اشیاء اور نقدی وغیرہ کی حفاظت کا خاص خیال رکھیں اور یہ آپ کی ذمہ داری ہے انتظامیہ ہر گز اس کی ذمہ داری نہیں لے گی۔

دعا:۔ سب سے اہم دعا ہے۔ دعاؤں پر زور دیں جلسہ پر آتے بھی اور جاتے بھی۔ دعاؤں سے سفر شروع کریں اور سفر کے دوران بھی دعائیں کرتے رہیں۔(بحوالہ خطبہ جمعہ فرمودہ ۱۸ جولائی ۲۰۰۳)

# "معلومات عامہ"

- جلسہ گاہ میں داخلہ

جلسہ گاہ میں داخلہ صرف جلسہ سالانہ کے رجسٹریشن کارڈ کے ذریعہ سے ہی ممکن ہو گا جو کہ آپ کو جلسہ گاہ کے داخلی دروازہ پر مہیا کئے جائیں گے یہ کارڈ تین دنوں کے لئے کارآمد ہو گا اور ہر بار جب بھی آپ جلسہ گاہ میں داخل ہونا چاہیں گے آپ کو اسکیننگ کے مرحلے سے گذرنا ہو گا جماعت احمدیہ بیلجیئم کی تجنید میں شامل تمام احباب کے کارڈان کی جانب سے مہیا کردہ معلومات کی روشنی میں پہلے ہی سے تیار ہوں گے آپ اپنی جماعت اور اپنا صحیح نام بتا کر فوراً حاصل کر سکتے ہیں۔ کارڈ گم ہونے کی صورت میں مقرر کردہ طریقہ کار سے گزر کر (جس میں آپ کو ایک مصدق پیش کرنا ہو گا) آپ کو اُس کی کاپی مہیا کی جاسکتی ہے۔ ہر قسم کی پریشانی اور تکلیف سے بچنے کے لئے بہتر ہے کہ جب تک آپ جلسہ گاہ میں موجود رہیں کارڈ کو نمایاں جگہ پر آویزاں کریں۔

نوٹ:۔ کسی بھی فرد کی تصدیق کرتے ہوئے اس بات کو مدنظر رکھیں کہ آپ انہیں ذاتی طور پر اور اچھی طرح جانتے ہوں۔

- تبلیغی مہمان:۔ جیسا کہ جماعتی روایات میں شامل ہے کہ جلسہ کے آخری روز انشااللہ تعالیٰ تبلیغی نشست کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔ جو احباب ان تبلیغی نشستوں یا اس کے علاوہ بھی جلسہ میں کسی مہمان کو لانا چاہیں ان کی سہولت کے لئے شعبہ رجسٹریشن پر ہی ان کی رجسٹریشن کا انتظام ہو گا مناسب رہے گا کہ ایسے مہمانوں کی قبل از وقت مرکزی شعبہ تبلیغ کو معلومات مہیا کر دی جائیں تا کہ آپ کے مہمانوں کے کارڈز وغیرہ تیار ہوں۔

"احباب سے گذارش ہے کہ اپنے ہمراہ لائے ہوئے مہمانوں کے ساتھ رہیں۔"

➢ چھوٹے بچوں کے متعلق ہدایات

چھوٹے بچوں کے سلسلہ میں احباب سے گذارش ہے کہ انہیں ہمیشہ اپنے ساتھ رکھیں۔ان کے رجسٹریشن کارڈ پر اور لباس میں بھی کسی جگہ بچہ کا نام معہ ولدیت اور فون نمبر ضرور لکھیں تاکہ بوقت ضرورت آپ سے رابطہ کیا جاسکے۔(اس سلسلے میں صفحہ نمبر 9 پر آداب نماز کے ضمن میں درج حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ہدایات کو بغور پڑھیں)

➢ استقبال وٹرانسپورٹ:۔

احباب کی سہولت اور آسانی کے لئے Dilbeek ریلوے اسٹیشن اور Affligem ریلوے سٹیشن سے سے جلسہ گاہ تک انشاءاللہ جماعتی ٹرانسپورٹ کا انتظام بھی ہوگا۔

مزید معلومات کے لئے ناظم صاحب ٹرانسپورٹ سے رابطہ کریں۔

http://www.delijn.be/en/index.htm

➢ ہمسائیوں کے حقوق:۔

اسلام میں ہمسائیوں کو بہت سے حقوق دیئے گئے ہیں اور انکے آرام کا خیال رکھنے کی نسبت بھی پیغمبر اسلام آنحضرت ﷺ نے بہت تاکید فرمائی ہے۔جلسہ اس دفعہ ایک بلکل نئی جگہ پر ہو رہا ہے اس لئے تمام شاملین سے امید کی جاتی ہے کہ وہ اعلیٰ اسلامی اخلاق کا مظاہرہ کریں گے اور ہمسائیوں کے تمام حقوق ادا کرنے کی حتی الوسع کوشش کریں گے۔آپ کے اعلیٰ اخلاق ہماری تبلیغ کا بھی ایک بڑا ذریعہ ہیں۔

➢ پارکنگ:۔

جلسہ گاہ سے متصل ایک وسیع پارکنگ ایریا کرایہ پر لیا گیا ہے جس میں شعبہ پارکنگ کے کارکنان خدمات انجام دیں گے۔یہ پارکنگ تمام احباب جماعت کے لئے دستیاب ہوگی۔احباب جماعت سے

گذارش ہے کہ وہ اپنی فیملیز کو جلسہ گاہ کے سامنے اتار کر مقررہ پارکنگ میں تشریف لے جائیں۔ہال کے سامنے گذرنے والی بڑی سڑک پر گاڑی کھڑی کرنا سخت منع ہے۔شعبہ پارکنگ کے کارکنان جو آپ کی راہنمائی کے لئے موجود ہونگے ان سے مکمل تعاون کی درخواست ہے۔

➢ معذور افراد کی پارکنگ:۔

معذور افراد اور ایسی خواتین جو کہ چھوٹے بچوں کے ساتھ خود ڈرائیو کر کے جلسہ میں آئیں گی انکے لئے جلسہ گاہ سے نزدیک ترین پارکنگ کا انتظام کیا جائے گا ایسے افراد و خواتین سے گذارش ہے کہ پاس کے حصول کے لئے قبل از وقت درخواست اپنے صدر صاحب کی تصدیق کے ساتھ افسر جلسہ گاہ تک بھجوادیں۔

➢ ابتدائی طبّی امداد:۔

جلسہ کی انتظامیہ کی جانب سے ابتدائی طبّی امداد کا کیمپ بھی لگایا جائے گا جو کہ 24 گھنٹے کھلا ہو گا۔جو کہ کسی بھی فوری ضرورت پر آپ کی مدد کرے گا۔

آپ سے گذارش ہے کہ جلسہ میں آتے ہوئے اپنا شناختی کارڈ، ہیلتھ انشورنس کارڈ اور اپنے فیملی ڈاکٹر کا فون نمبر وغیرہ اپنے ہمراہ ضرور رکھیں۔ایسے احباب جو کہ مستقل بنیادوں پر کوئی بھی میڈیسن استعمال کرتے ہوں ان سے درخواست ہے کہ جلسہ پر آتے ہوئے اپنی ضرورت کے مطابق اپنی ادویات ہمراہ لائیں اگر آپ کو اپنی ادویات کو فریج وغیرہ میں رکھنے کی ضرورت ہو تو بھی شعبہ طبّی امداد آپ کی مدد کرے گا (براہ مہربانی اس صورت میں اپنی ادویات کو ایک مناسب سائز کے بکس میں بند کر کے اپنا نام اور فون نمبر لکھنا نہ بھولیں)۔

➢ گمشدہ سامان و امانات:۔

احباب کی سہولت اور آسانی کے لئے جلسہ سالانہ کے تینوں ایام میں شعبہ امانات کھلا رہے گا۔وہ احباب

جو کہ اس شعبہ سے فائدہ اُٹھانا چاہتے ہیں ان سے درخواست ہے کہ اپنے سامان پر اپنا نام اور فون نمبر ضرور درج کریں اور جلسہ کے اختتام پر جو وقت آپ کو متعلقہ ناظم صاحب دیں اس پر آپ اپنا سامان وصول کر لیں تا کہ وائنڈاپ کا کام وقت پر مکمل کیا جاسکے۔

جلسہ کے دوران اگر آپ کو کسی قسم کی کوئی بھی گمشدہ چیز ملتی ہے تو براہ مہربانی اسے امانات میں جمع کروادیں۔اسی طرح اگر آپ کی کوئی چیز گم ہو جائے تو بھی متعلقہ شعبہ سے رابطہ کریں۔

پانی کا استعمال:۔

پانی خدا تعالیٰ کی ایک نعمت ہے اس کا ستعمال ہمیشہ ضرورت کے مطابق کریں بعض دوستوں کی عادت ہوتی ہے کہ برش کرتے ہوئے یا شیو بناتے ہوئے مسلسل پانی کھلا رکھتے ہیں اس سے اجتناب کریں اسی طرح وضو کرتے وقت بھی ٹونٹی کو مناسب حد تک ہی کھولیں۔

ضیافت:۔

”یہ (نان) تیرے اور تیرے ساتھ کے درویشوں کے لئے ہے“

جلسہ سالانہ کے ایام میں حضرت مسیح موعودؑ کے مہمانوں کی ضیافت کے لئے شعبہ ضیافت ہمہ وقت موجود ہو گا۔

پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس کے ارشاد کے مطابق شعبہ ضیافت کھانے کے مقررہ اوقات کے علاوہ بھی بوقت ضرورت مہمانوں کو ان کی ضرورت اور اپنی سہولت کے مطابق اپنی خدمات پیش کرے گا۔تاہم اس ضمن میں مہمانوں سے بھی گذارش ہے کہ وہ انتظامیہ سے تعاون کریں اور کھانا مقررہ وقت پر ہی تناول فرمائیں سوائے اس کے کہ کوئی اشد مجبوری یا معذوری راہ میں حائل ہو۔

نظافت:۔

مہمانوں کو ایک صحت افزا اور صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا میزبانوں کی اہم ذمہ داری اور فرض ہے۔

اسی طرح میز بانوں سے تعاون کرنااوران کی حتی الوسع مدد کرنا مہمانوں کا بھی اخلاقی فرض ہے۔ جلسہ میں شامل تمام معزز مہمانوں سے گذارش ہے کہ شعبہ نظافت سے مکمل تعاون فرمائیں ہمیشہ اپنے ماحول کو صاف ستھرا رکھیں۔بیت الخلاء کے استعمال کے بعد اس کو اُسی حالت میں چھوڑیں جس حالت میں آپ اُسے دیکھنا چاہتے ہیں۔ کھڑے ہو کر ہر گز ٹوائلٹ استعمال نہ کریں یہ اسلامی تعلیمات کے خلاف ہے جس کی وجہ سے آپکے کپڑوں کی پاکیزگی اور جسمانی طہارت خراب ہوتی ہے جو کہ ایک مؤمن کے لئے پہلی ترجیح ہونی چاہئے۔استعمال شدہ اشیاءاور گند ڈسٹ بن میں ڈالیں۔ ہمیشہ باوضو رہنے کی کوشش کریں۔ راستہ میں کوئی چیز نہ پھینکیں اگر کسی کو کوئی چیز راستہ میں پھینکتے ہوئے دیکھیں تواُسے نرمی اور پیار سے اس جانب توجہ دلائیں اور متعلقہ چیز کو راستہ سے ہٹانے کی تلقین کریں۔

رہائش جلسہ گاہ:۔

جلسہ میں شامل ہونے والے احباب کے لئے انشاءاللہ جلسہ گاہ اور مشن ہاؤس میں رہائش کا انتظام ہوگا۔ خواتین کاانتظام بھی مشن ہاؤس میں ہوگا۔ جلسہ گاہ میں اور مشن میں رہائش رکھنے والے احباب و خواتین کو شعبہ رہائش کی جانب سے صرف گدے مہیا کئے جائیں گے جن کی تعداد محدود ہونے کی وجہ سے شعبہ رہائش سے یہ سہولت پہلے آیئے پہلے پایئے کی بنیادوں پر حاصل کی جاسکتی ہے۔ دوستوں سے گذارش ہے باقی بستر (تکیہ، چادر ، کمبل وغیرہ) کاخود انتظام کریں۔ مناسب رہے گا کہ اگرآپ انتظامیہ کواپنے جلسہ گاہ میں قیام سے قبل از وقت آگاہ کردیں اس صورت میں انتظامیہ کے لئے انتظامات کو بہتر اور معیاری بنانے میں مدد ملے گی۔

رہائش ہوٹل:۔

Affligem ایک چھوٹا سا قصبہ ہےاس کے قریبی شہر Aalst اور Asse میں ہوٹلز مہیا ہیں وہ احباب جو ہوٹلز میں قیام کرنا چاہتے ہیں وہ ہوٹل میں رہائش کا خود انتظام کریں گے۔ اس کے علاوہ برسلز میں بھی مناسب ہوٹلز مل سکتے ہیں۔ جن میں آپ آن لائن بکنگ کرواسکتے ہیں

۔(نوٹ ہوٹل میں رہائش رکھنے والے احباب اپنی ٹرانسپورٹ کاخود انتظام کریں گے)

# اہم ٹیلی فون نمبرز

| | | |
|---|---|---|
| افسر رابطہ (امیر جماعت بیلجیئم) | ڈاکٹر ادریس احمد صاحب | 0489-813710 |
| افسر جلسہ سالانہ۔ | میاں اعجاز احمد صاحب | 0485-483146 |
| افسر جلسہ گاہ۔ | مکرم حسیب احمد صاحب | 0485-441948 |
| افسر خدمت خلق۔ | مکرم افضال احمد توقیر صاحب | 0476-571510 |
| نائب افسر جلسہ سالانہ۔ | مکرم راجہ عبداللطیف صاحب | 0486-658258 |
| نائب افسر جلسہ سالانہ۔ | مکرم این اے شمیم احمد صاحب | 0473-375500 |
| نائب افسر جلسہ سالانہ۔ | مکرم رانا طارق احمد صاحب | 0486-208980 |
| نائب افسر جلسہ سالانہ۔ | مکرم محمد سعید صاحب | 0477-376332 |
| نائب افسر جلسہ گاہ۔ | مکرم ظفر اللہ سلام صاحب | 0486-200334 |
| نائب افسر جلسہ گاہ۔ | مکرم توصیف احمد صاحب | 0484-994066 |
| دفتر جلسہ سالانہ۔ | مکرم رضوان احمد شمیم صاحب | 0484-619647 |
| ناظم رہائش۔ | مکرم اظہار الدین احمد صاحب | 0475-917710 |
| ناظم ٹرانسپورٹ۔ | مکرم ملک ارشد محمود صاحب | 0486-284902 |
| ناظم رجسٹریشن۔ | مکرم امتیاز احمد صاحب | 0484-550550 |
| ناظم استقبال و مہمانان۔ | مکرم مسعود احمد صاحب | 0483-332499 |
| ناظم عمومی۔ | مکرم اویس بن سعد صاحب | 0486-709611 |
| حفاظت۔ | مکرم بشیر احمد قمر صاحب | 0476-300822 |
| ناظم رابطہ مستورات۔ | مکرم منیر احمد انجم صاحب | 0484-264423 |

- ناظم مارکی انسٹالیشن اینڈ وائنڈاپ۔ مکرم محمد عمران صاحب 0484-124938
- ناظم ابتدائی طبّی امداد۔ مکرم طاہر احمد گل صاحب 0484-290238
- شعبہ تبلیغی مہمانان۔ مکرم انور حسین صاحب 0484-688729
- مسجد بیت السلام برسلز 02-4666856

# ایمرجینسی فون نمبرز

- ہسپتال **Campus Aalst** O.L.V.-Ziekenhuis 053-724111
  **Campus Ninove** O.L.V.-Ziekenhuis 054-312111
  **Campus Asse** O.L.V.-Ziekenhuis 02-3006111
- پولیس 101
- فائر بریگیڈ 100